حکومتِ پاکستان

ریونیوڈویژن

فیڈرل بورڈآف ریونیو

**نوٹیفکیشن**

**اسلام آباد،30جون،2026**

**S.R.O. 1072 (I)/2026**۔—فیڈرل ایکسائزایکٹ،2005کی دفعہ 3کی ذیلی دفعہ (3B) کے تحت حاصل شدہ اختیارات کوبروئے کارلاتے ہوئے، فیڈرل بورڈآف ریونیواس امر کاتعین کرتاہے کہ مذکورہ ذیلی دفعہ کے تحت ایکٹ کے پہلے شیڈول کے جدول IA میں درج اشیاءپر عائد **خصوصی ایکسائزڈیوٹی** درج ذیل طریقہ کار کے مطابق وصول کی جائے گی، یعنی:

(1)پاکستان میں درآمد کی جانے والی اشیاء کے معاملے میں، خصوصی ایکسائزڈیوٹی اسی طریقے اوراسی وقت عائد اور وصول کی جائے گی جیسے کہ وہ کسٹمزڈیوٹی ہو جو پاکستان کسٹم کے تحت **کسٹمزایکٹ،1969 (IV of 1969)** کے مطابق قابلِ ادائیگی ہو،اور مذکورہ ایکٹ کی تمام دفعات،بشمول اس کی دفعہ A31، حسبِ ضرورت مناسب تبدیلیوں کے ساتھ لاگوہوں گی۔

(2)یہ نوٹیفکیشن **1جولائی،2026**سے نافذالعمل ہوگا۔

[C.No. 3(8) ST&FE Policy/2024]

**(اظہارزبیری)**

**سیکنڈ سیکرٹری ( ST&FE پالیسی)**